**30.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ماجدعلی

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

- ☆ تمل ناڈو اور مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن جاری ہونے کے ساتھ ہی کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔
- ☆ وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارتی معیشت کی بنیاد مضبوط ہے اور عالمی غیریقینی کی وجہ سے دنیا بھر میں کرنسیوں میں اُتار چڑھاؤ دیکھنے میں آرہا ہے۔
- ☆ لوک سبھا نے دیوالیہ ہونے سے متعلق ضابطوں کا ترمیمی بل منظور کرلیا ہے۔
- ☆ بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے راجیہ سبھا کیلئے منتخب ہونے کے بعد آئینی تقاضے کو پورا کرتے ہوئے MLC کے طور پر استعفیٰ دے دیا ہے۔
- ☆ سری لنکا کے صدر Anura Kumara Dissanayake نے مغربی ایشیا بحران کے تناظر میں 38 ہزار میٹرک ٹن ایندھن بھیجنے پر بھارت کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے۔
- ☆ بھارت کی شیتل دیوی نے عالمی تیر اندازی میں سال 2025 کی Para Archer کا ایوارڈ حاصل کیا ہے۔
- ☆ اور ......IPL کرکٹ میں آج شام گواہاٹی میں راجستھان رائلس کا مقابلہ چنئی سپر کنگس سے ہوگا۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**EC-NOTIFICATION TN-WB**

انتخابی کمیشن نے تمل ناڈو میں اسمبلی انتخابات کی سبھی سیٹوں اور مغربی بنگال میں اسمبلی چناؤ کے پہلے مرحلے کیلئے

نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ اِس طرح اِن ریاستوں میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔

تمل ناڈو میں اسمبلی کی سبھی 234 سیٹوں کیلئے ایک ہی دن پولنگ ہوگی، جبکہ مغربی بنگال میں پہلے مرحلے کے تحت 152 اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ یہ پولنگ اگلے مہینے کی 23 تاریخ کو ہوگی۔ اگلے مہینے کی 6 تاریخ تک کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے جاسکیں گے، جبکہ اگلے روز کاغذات کی جانچ پڑتال ہوگی اور 9 اپریل تک نام واپس لئے جاسکیں گے۔

**PDUCHERRY CONSTUENCY PROFILE**

پدوچیری میں سبھی 30 اسمبلی حلقوں میں ایک ہی دن 9 اپریل کو پولنگ ہوگی۔ مختلف چناؤ حلقوں کے جائزے کے سلسلے کے تحت آج ہم Villianur حلقے پر توجہ مرکوز کررہے ہیں، جہاں سب سے زیادہ رائے دہندگان ہیں اور وہاں دلچسپ مقابلہ ہونے کی امید ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C: Bibin S Nath**

پدوچیری کا ایک اسمبلی حلقہ Villianur، اس مرکز کے زیر انتظام علاقے میں، ایسا حلقہ ہے، جہاں سب سے زیادہ ووٹرس ہیں۔ تازہ انتخابی فہرست کے مطابق اس حلقے میں کُل 42 ہزار 864 ووٹرس ہیں۔ انتخابی عمل پرامن طور سے کرائے جانے کی غرض سے 47 پولنگ اسٹیشن بنائے گئے ہیں۔ Villianur کو، اس کے مالا مال ثقافتی ورثے، تاریخی اہمیت اور اہم مذہبی مقامات کی وجہ سے جانا جاتا ہے۔ بنیادی ڈھانچے کی ترقی، روزگار، روز مرہ کے مسائل اور بنیادی سہولیات، یہاں کے انتخابی معاملات ہیں۔ 2021 کے اسمبلی انتخابات میں Dravida Munnetra Kazhagam کے R.Siva نے جیت حاصل کی تھی اور آل انڈیا این آر کانگریس کے S.V.Sugumaran دوسرے نمبر پر رہے تھے۔

پدوچیری سے Bibin S Nath کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......

**LS-NIRMALA RUPEE**

وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے پارلیمنٹ میں بھارتی معیشت کی قوت کا یہ کہتے ہوئے پُرزور انداز سے دفاع کیا کہ روپے کی قدر مارکیٹ کے عوامل پر مبنی ہوتی ہے اور عالمی غیر یقینی کے باوجود بھارت کی میکرو اقتصادی بنیاد مضبوط ہے۔ روپے کی قیمت کم ہونے کے معاملے پر لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران جواب دیتے ہوئے وزیرخزانہ نے کہاکہ بھارتی معیشت کی بنیاد مضبوط ہے اور عالمی غیریقینی کی کیفیت کی وجہ سے پوری دنیا میں کرنسیوں میں اُتار چڑھاؤ دیکھنے میں آرہا ہے۔ محترمہ سیتارمن نے کلیدی اقتصادی اشاریوں کو اُجاگر کرتے ہوئے کہاکہ افراطِ زر کی شرح کافی نیچے آگئی ہے، GDP

کی شرحِ ترقی بدستور سات فیصد سے اوپر ہے اور **Current Account** کا خسارہ ایک فیصد سے بھی کم ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ عالمی اُتار چڑھاؤ کی وجہ سے دنیا بھر میں کرنسیوں پر اثر پڑرہا ہے اور زرِمبادلہ کی شرح کے دباؤ کا سامنا کرنے والا بھارت کوئی اکیلا ملک نہیں ہے۔

**1415 Nirmala Sitaraman**

## LS-BANKRUPTCY CODE

لوک سبھا نے دیوالیہ ہونے سے متعلق ضابطوں کا ترمیمی بل **2025** زبانی ووٹ سے منظور کرلیا ہے۔ یہ بل شروع میں چیدہ کمیٹی کے سپرد کیا گیا تھا۔ مذکورہ بل کمپنیوں اور متعلقہ افراد کے مابین طریقۂ کار کے تعلق سے تاخیر ہونے اور تشریح کے معاملات سے نمٹنے کیلئے دیوالیہ ہونے سے متعلق **2016** کے ضابطوں میں مزید ترمیم کیلئے پیش کیا گیا تھا۔×

## LS-BANK CUSTOMER DATA

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ ملک میں بینک ایک سخت قانونی اور انضباطی فریم ورک کے تحت کام کرتے ہیں، تاکہ صارفین کے ڈیٹا کی سیفٹی اور رازداری کو یقینی بنایا جاسکے۔ وہ آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دے رہی تھیں۔ محترمہ سیتارمن نے کہا کہ **KYC** فریم ورک اور ریزروبینک کی جانب سے جاری کئے گئے رہنما خطوط کے تحت بینکوں کو اپنے صارفین کی جانکاری راز میں رکھنا ہوتی ہے۔ اُنہوں نے بتایا کہ پانچ مختلف طرح کے ایکٹ ہیں اور بینکوں کو اِن قوانین پر عمل کرنا ہوتا ہے۔

وزیر خزانہ نے کہا کہ ضرورت کے اعتبار سے ہی ڈیٹا اکٹھا کیا جاتا ہے اور ضرورت پڑنے پر حکام کو دستیاب کرایا جاتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ دھوکہ دہی یا غیرمجاز طریقے سے ڈیٹا شیئر کرنے کے معاملات میں ریزروبینک یا متعلقہ حکام کو شکایت درج کرائی جاسکتی ہے، جو اِس طرح کی شکایتیں موصول ہونے پر ضروری کارروائی کرتے ہیں۔×

## BIHAR RESIGNATION

بہار کے وزیراعلیٰ اور جنتادَل یونائیٹڈ کے صدر نتیش کمار نے ریاستی قانون ساز کونسل کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ راجیہ سبھا کیلئے اپنے حالیہ چناؤ کے بعد آئینی دفعات پر عمل کرتے ہوئے اُنہوں نے ایسا کیا ہے۔ **JDU** کے **MLC** سنجے گاندھی نے جناب نتیش کمار کے استعفے کا خط قانون ساز کونسل کے چیئرمین اودھیش نارائن سنگھ کو پیش کیا۔ پٹنہ میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے سینئر وزیر وجے کمار چودھری نے یہ جانکاری دی اور کہا کہ یہ قدم آئینی عمل کا حصہ ہے۔

وزیر اعلیٰ کے استعفے کے بارے میں باضابطہ اعلان جلد کئے جانے کی امید ہے۔ **JDU** کے سربراہ نتیش کمار کو اِس

مہینے کی 16 تاریخ کو راجیہ سبھا کیلئے بلامقابلہ منتخب کیا گیا تھا۔ اِدھر BJP کے قومی صدر اور راجیہ سبھا کے نومنتخب ممبر پارلیمنٹ Nitin Nabin نے بھی بہار قانون ساز اسمبلی کی رُکنیت سے اپنے استعفے کا اعلان کیا ہے۔ اُنھوں نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر یہ جانکاری دی ہے۔ BJP کے سربراہ نے اپنا استعفیٰ پارٹی کی ریاستی شاخ کے صدر سنجے Saraogi کو پیش کردیا ہے، جو اِسے اسمبلی کے اسپیکر پریم کمار کو بھیجیں گے۔×

**RS-NADDA**

راجیہ سبھا میں ایوان کے لیڈر اورمرکزی وزیر جے-پی نڈا نے کانگریس اور آئی-این-ڈی-آئی-اے بلاک پر خوشنودی کی سیاست کرنے اورمسلم برادری کے تئیں ووٹ بینک کا رویہ اختیار کرنے کا الزام لگایا ہے۔ راجیہ سبھا میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ اپوزیشن پارٹیوں کو نہ تو بحث مباحثے میں کوئی دلچسپی ہے اور نہ ہی جمہوریت اقدار یا آئین کے تئیں کوئی احترام ہے۔

آج وقفۂ صفر کے دوران ایک واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے جناب نڈا نے کہاکہ جب BJP کے ممبر کے-لکشمن اپنے مقررہ وقت کے اندر بول رہے تھے، تو آئی-این-ڈی-آئی-اے بلاک کے ارکان لگاتار خلل پیدا کررہے تھے۔ اُنھوں نے کہا کہ اِس سے جمہوری اور پارلیمانی عمل میں عقیدہ رکھنے میں اِن ارکان کے فقدان کی عکاسی ہوتی ہے۔ وقفۂ صفر کے دوران جناب لکشمن نے یہ کہا تھا کہ اپوزیشن کی سرکار والی ریاستوں، کرناٹک، مغربی بنگال، تلنگانہ، تمل ناڈو اور کیرالہ میں مذہب کے نام پر OBC ریزرویشن دفعات کا بیجا استعمال کیا جارہا ہے۔ اِس کے بعد اپوزیشن ارکان ایوان سے اُٹھ کر چلے گئے۔×

**PM-SHIYAM JI KRISHNA**

وزیراعظم نریندر مودی نے مجاہدِ آزادی شیام جی کرشنا ورما کو آج اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ شیام جی کرشنا ورما نے اپنے انقلابی نظریات سے تحریکِ آزادی میں ایک نئے ضمیر کو تقویت پہنچائی۔ جناب مودی نے کہاکہ شیام جی کی زندگی اور اُن کے نظریات سے ملک کی ہر آنے والی نسل کو ملک کی خدمت کے تئیں کام کرنے کی تحریک ملتی رہے گی۔×

**PM-GUJRAT VISIT**

وزیراعظم نریندر مودی کل گجرات کے ایک دن کے دورے پر جائیں گے۔ اپنے اِس دورے میں جناب مودی مہاویر جینتی کے موقع پر گاندھی نگر میں سمراٹ Samprati میوزیم کا افتتاح کریں گے۔ وہ اِس موقع پر موجود لوگوں سے خطاب بھی کریں گے۔ وزیراعظم احمدآباد میں Sanand کے مقام پر Kaynes Semicon Plant کا افتتاح بھی کریں گے اور

ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ اِس کے بعد جناب مودی **Vav-Tharad** جائیں گے، جہاں وہ **20** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے، افتتاح کریں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔

جناب مودی چار لین والے **Idar-Badoli** بائی پاس سیکشن کی تعمیر کیلئے سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ وہ قومی شاہراہ نمبر **754-K** کے **Dholavira-Mauvana-Vauva-Santalpur** سیکشن کو جدید طرز پر ڈھالنے کے کام کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ وزیر اعظم بجلی کی ترسیل کے کلیدی پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کریں گے۔

ریلوے کے شعبے میں وزیراعظم **Kanalus-Jamnagar** دوہری لائن پروجیکٹ کو ملک کے نام وقف کریں گے، جو راج کوٹ-**Kanalus** دوہری لائن پروجیکٹ کا حصہ ہے۔×

**SENSUS-2027**

مردم شماری **2027** اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے شروع ہونے والی ہے۔ یہ اِس سلسلے کی **16**ویں اور آزادی کے بعد سے آٹھویں مردم شماری ہوگی۔ آج نئی دِلی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے رجسٹرار جنرل اور بھارت کے مردم شماری سے متعلق کمشنر **Mritunjay Kumar Narayan** نے بتایا کہ یہ مردم شماری دو مرحلوں میں کرائی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں گھروں کی گنتی ہوگی اور یہ کام اِس سال پہلی اپریل سے **30** ستمبر کے درمیان **30** دن کے عرصے کے دوران کیا جائے گا اور اِس کا تعین متعلقہ ریاستیں اور مرکز کے زیرانتظام علاقے کریں گے۔ جناب نارائن نے بتایا کہ مردم شماری کے دوسرے مرحلے میں ذات سے متعلق مردم شماری کی جائے گی۔

**S/B: Mritunjay Kumar Narayan**

**SL-PREZ FUEL INDIA**

سری لنکا کے صدر **Anura Kumara Dissanayake** نے مغربی ایشیا بحران کے تناظر میں ملک میں ایندھن بھیجنے میں بھارت کی مدد کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے۔ پٹرولیم کی ایک بڑی کھیپ کولمبو پہنچنے پر سری لنکا کے صدر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ اُنہوں نے موجودہ بحران کی وجہ سے سری لنکا کو درپیش ایندھن کی قلت کے بارے میں بھارتی وزیراعظم نریندر مودی سے حال ہی میں بات کی تھی۔ اُنہوں نے کہاکہ بھارت نے جس طرح تیزی کے ساتھ مدد کی ہے، وہ اِس کیلئے شکر گزار ہیں۔ سری لنکا میں ہفتے کے روز **38** ہزار میٹرک ٹن پٹرولیم کولمبو پہنچا ہے، جس میں **20** ہزار میٹرک ٹن ڈیزل اور **18** ہزار میٹرک ٹن پٹرول شامل ہے۔×

**ARCHERY-SHEETAL DEVI**

بھارت کی شیتل دیوی کو عالمی تیراندازی تنظیم نے 2025 کیلئے Para Archer نامزد کیا ہے۔ جموں وکشمیر کی رہنے والی 19 سال کی اس کھلاڑی نے، پچھلے سال جنوبی کوریا میں Gwangju کے مقام پر معذور افراد کے عالمی تیراندازی چمپیئن شپ میں خواتین کے کمپاؤنڈ انفرادی مقابلے میں اعلیٰ مقام حاصل کیا تھا اور وہ بغیر بازوؤں کے ایسی واحد خاتون کھلاڑی تھیں، جنہوں نے سونے کا تمغہ جیتا تھا۔ انہوں نے عالمی چمپیئن شپ میں خواتین ٹیم کیلئے چاندی کا اور مکسڈ ٹیم کیلئے کانسے کا تمغہ بھی جیتا۔×

**IPL-CRICKET**

IPL ٹورنامنٹ میں آج گوہاٹی کے برساپاڑا کرکٹ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلس کا مقابلہ چنئی سپر کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ کل ممبئی میں ٹورنامنٹ کے دوسرے میچ میں ممبئی انڈینس نے کولکاتا نائٹ رائیڈرس کو چھ وکٹ سے ہرادیا تھا۔ دو ماہ طویل IPL ٹورنامنٹ 31 مئی تک جاری رہے گا۔×

**INDIAN EMBASSY KUWAIT**

کویت میں بھارتی سفارتخانے نے کل کویت میں کھارے پانی کو پینے کے پانی میں بدلنے کے پلانٹ پر ایک حملے میں ایک بھارتی شہری کی المناک موت پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر سفارتخانے نے کہا ہے کہ وہ ہرممکن مدد اور امداد بہم پہنچانے کیلئے کویت کے حکام کے ساتھ قریبی تال میل قائم کئے ہوئے ہے۔×

**KUWAIT IRANIAN ATTACK**

کویت کی بجلی، پانی اور قابلِ تجدید توانائی کی وزارت نے کہا ہے کہ ایران کے حملے میں اُس کے ایک بجلی پلانٹ اور کھارے پانی کو پینے کے پانی میں بدلنے کے پلانٹ میں ایک سروس عمارت کو نقصان پہنچا ہے۔ اِس واقعے میں ایک بھارتی کارکن کی موت ہوگئی اور کافی مادّی نقصان ہوا۔ وزارت کی ترجمان فاطمہ عباس جوہر حیات کے مطابق یہ واقعہ کل شام پیش آیا۔ نقصان کو پھیلنے سے روکنے اور کام کاج برقرار رکھنے کیلئے ایمرجنسی اور تکنیکی ٹیموں کو فوراً وہاں متعین کیا گیا۔

وزارت نے کہا ہے کہ بجلی اور پانی کی سپلائی میں استحکام کو یقینی بنانے کی خاطر کوششیں جاری ہیں اور متعلقہ ٹیمیں لازمی خدمات میں کسی طرح کے خلل کو روکنے کیلئے لگاتار کام کررہی ہیں۔ حکام نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ پُرسکون رہیں اور مصدقہ جانکاری پر ہی بھروسہ کریں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆